سہیل خان پر میچ فیس کا 25 فیصد جرمانہ عائد

لاہور، 9 مارچ 2022ء:

پی سی بی کوڈ آف کنڈکٹ کی خلاف ورزی کرنے پر سندھ کے فاسٹ باؤلر سہیل خان پر میچ فیس کا 25 فیصد جرمانہ عائد کر دیا گیا ہے۔ خیبر پختونخوا کی اننگز کے دوسرے اوور میں سہیل خان کی جانب سے ایل بی ڈبلیو کی اپیل پر امپائر نے ناٹ آؤٹ دیا، جس پر غیر مناسب رویے کا اظہار کرنے پر فاسٹ باؤلر پی سی بی کوڈ آف کنڈکٹ کی شق 2.8 کی خلاف ورزی کے مرتکب پائے گئے ہیں۔

یہ واقعہ پاکستان کپ میں سندھ اور خیبر پختونخوا کے مابین ایل سی سی اے گراؤنڈ لاہور میں کھیلے گئے میچ کے دوران پیش آیا۔ سہیل خان نے اپنی غلطی کو تسلیم کیا اور میچ ریفری ندیم ارشد کی طرف سے تجویز کردہ سزا کو قبول کیا ہے۔ فاسٹ باؤلر پر چار جز آن فیلڈ امپائرز قیصر وحید اور ناصر حسین نے عائد کیے تھے۔

دوسری جانب مقررہ وقت سے ایک اوور کم کروانے پر ناردرن کی ٹیم پر بھی جرمانہ عائد کر دیا گیا ہے۔ پی سی بی کوڈ آف کنڈکٹ کی شق 2.22 کی خلاف ورزی کرنے پر پلیئنگ الیون میں شامل ناردرن کے کھلاڑیوں کو 10 ہزار روپے جرمانہ ادا کرنا ہوگا۔ کپتان حیدر علی نے غلطی تسلیم کرتے ہوئے میچ ریفری محمد انیس کی تجویز کردہ سزا کو قبول کیا ہے۔ اس میچ میں ثاقب خان اور عمران جاوید آن فیلڈ امپائرز کی ذمہ داریاں نبھا رہے تھے۔

-ENDS-

Media contact:

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777

E: pcb.media@pcb.com.pk